سوال

(132)دو شخص عمرا ورجُرم میں برابر ہوں توان کی سزامیں کیوں فرق ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زیداول آفرینش دنیامیں پیدا ہوااورپچاس ساٹھ برس کی عمرپاکرمرگیااورعمرووقوع قیامت سے پچاس ساٹھ برس پہلے پیداہوااوراتنی ہی عمرپاکریہ بھی مرگیااوردونوں گناہ میں برابر ہیں لہٰذااسلام کی روسے زیدکوقبرکاعذاب عمروسے ہزاروں برس زیادہ دیاگیاحالانکہ جرم میں دونوں برابرہیں یہ کیوں ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

زیدکوجتناعذاب قبرقیامت سے پہلے ہوچکاہے اسی قدرمیدان محشرمیں اوردوزخ میں عذاب کی تخفیف ہوجائےگی، یعنی زیدکاعذاب ہلکاہوگااورعمرکاعذاب سخت ہوگاآپ نے کمی بیشی عذاب صرف مدت کی کمی بیشی میں سمجھی ہے اس لیےاعتراض کیاہے ۔ حالانکہ نفس عذاب میں بھی تخفیف اورسختی کے لحاظ سے فرق پڑجاتاہے ۔ سوجتنی مدت زیدکوزیادہ عذاب ہوااسی اندازے پرعمرکاعذاب سخت ہوگااورزیدکاہلکا۔ (فتاویٰ اہلحدیث، روپڑی جلداول، صفحہ ۱۳۸تا۱۳۹)

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

[فتاوی علمائے حدیث]

جلد09ص321

محدث فتویٰ